76: سورۃ دھر / الإنسَان

Flow Chart — *Macro Structure*

پیراگراف:5	آیات:31	مکّیہ

پیراگراف 1:
آیات 1 تا 4
انسان کو آزادی و اختیار سے نوازا گیا ہے۔

مرکزی مضمون:
انسان کو آزادی خیر و شر حاصل ہے، اس کو شکر گزار بن کر آزادی کا صحیح استعمال کرنا چاہیے۔ اسلام کا صحیح راستہ (السبیل) اختیار کرنا چاہیے۔ انعامات ملیں گے۔ بدکردار ناشکروں کی اطاعت سے بچنا چاہیے۔

پیراگراف 2:
آیات 5 تا 22
شاکرین و ابرار کی دس خصوصیات اور پندرہ انعامات

پیراگراف3:
آیات 23 تا 26
شکر گزار لوگ، اٰثِمًا اَوۡ كَفُوۡرًا قیادت کی اطاعت نہیں کرسکتے۔

پیراگراف4:
آیات 27 تا 28
کافرین و منکرین کے انکار کی بنیادی وجہ نقد اور عَاجِلَة کی محبت ہے۔

پیراگراف5:
آیات 29 تا 31
شاکرین اور کافرین کا انجام مختلف ہوگا۔

زمانۂ نزول:

سورۃ الدھر کی ابتدائی 22 آیات آپ ﷺ پر قیامِ مکہ کے پہلے دور (0 تا 3 نبوی) میں نازل ہوئیں، جب اسلام کی دعوت خفیہ طور پر دی جارہی تھی۔

سورۃ الدھر کی آخری 9 آیات اعلانِ عام کے بعد غالباچار نبوی میں نازل ہوئیں۔ قریش کی قیادت پر فردِ جرم عائد کی گئی کہ یہ (اثم) اور (کفور) میں ہیں۔ ان لیڈروں کی اطاعت سے منع کر دیا گیا۔

وَلَا تُطِعْ مِنْهُمْ اٰثِمًا اَوْ كَفُوْرًا (آیت 24)

ان لیڈروں کے بارے میں یہ بھی بتایا گیا کہ یہ (عاجلتہ) یعنی نقد محبت میں گرفتار ہیں اور روزِ قیامت کی ہولناکی سے غافل ہیں۔ اِنَّ هٰٓؤُلَآءِ يُحِبُّوْنَ الْعَاجِلَةَ وَيَذَرُوْنَ وَرَآءَهُمْ يَوْمًا ثَقِيْلًا (آیت 27)